سوال

(543)چھوٹے بچوں پر بھی قربانی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیاچھوٹے بچوں پر بھی قربانی آتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو شخص چاہتا ہے کہ اپنے چھوٹے بچے کوحج کروائے تووہ اس بات کا پابند ہے کہ اس سے حج کے تمام احکام عمل میں لائے جیسے کہ وہ خود کررہا ہے، اوران میں سے ایک قربانی بھی ہے۔ اگراسے قربانی یسر نہیں ہے تواس کےلیے وہی حکم ہے جواس کی اپنی ذات کےلیے ہے۔ یعنی اس کی طرف سے روزے رکھے۔ اس مسئلے میں فہم واستنباط سے ہماری سمجھ میں یہی آیا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 394

محدث فتویٰ